# سبق – 14

# جنگل

ایک لکڑہارا تھا۔ اُس کا نام ہیرا تھا۔ ہیرا روزانہ اپنی کُلہاڑی لے کر جنگل جاتا تھا۔ اس کے گاؤں کے پاس ہی ایک بڑا جنگل تھا۔ ہرا بھرا جنگل۔ ہیرا جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لاتا اور بازار میں بیچ دیتا تھا۔ ہیرا جنگل سے لائی ہوئی لکڑیاں بیچ کر کسی دُکان سے گھر کا سودا خرید لیتا۔ ایک روز وہ



© NCERT
not to be republished

لکڑیوں کا گٹھّا باندھ کر پیڑ کے سایے میں بیٹھا تھا۔ اسلم اور رشید کی نظر اُس پر پڑی۔ وہ دونوں اُس کے پاس گئے اور کہا:

اسلم : ہیرا چچا! آپ تو روز لکڑیاں کاٹ کر لاتے ہیں۔ جنگل میں دوُر تک چلے جاتے ہوں گے۔ اندر جنگل میں اور کیا کیا ہے؟

ہیرا : اسلم بیٹے! جنگل میں اور بھی بہت سے درخت ہیں۔ طرح طرح کے درخت۔ دیودار کے درخت، چیڑ کے درخت، ساگوان اور شیشم کے درخت۔



© NCERT not to be republished

رشید : ہیرا چچا! کیا آپ ہر طرح کی لکڑی کاٹ لیتے ہیں؟

ہیرا : نہیں بیٹا! میں جو لکڑی کاٹتا ہوں وہ معمولی لکڑی ہوتی ہے۔ دیودار، چیڑ اور شیشم کی لکڑی عمارتی لکڑی ہے۔ یہ لکڑی میں نہیں کاٹتا۔ دیودار کی لکڑی تو بہت ہی مضبوط ہوتی ہے۔ اس سے پُل بنائے جاتے ہیں۔ کشتیاں اور ہاؤس بوٹ بنائے جاتے ہیں۔ یہ لکڑی پانی میں برسوں رہ سکتی ہے اور خراب نہیں ہوتی۔



© NCERT not to be republished

اسلم : کیا کاٹ کاٹ کر یہ درخت ختم نہیں ہو جائیں گے؟

ہیرا : جو درخت کاٹے جاتے ہیں اُن کی جگہ نئے درخت لگا دیے جاتے ہیں تاکہ جنگل ختم نہ ہونے پائیں۔

اسلم : ہیرا چچا! سُنا ہے جنگلوں میں جڑی بوٗٹیاں بھی ہوتی ہیں؟

ہیرا : ہاں بیٹے ہاں! جڑی بوٗٹیاں تو بے شمار ہیں۔ ان سے دوائیاں بنائی جاتی ہیں جو ہمارے کام آتی ہیں۔ جنگلوں سے اور بھی کئی فائدے ہیں۔ جنگل ہمارے مُلک کی دولت ہیں۔ ان سے موسم خوش گوار بنتا ہے۔ ہمیں ان کی حفاظت کرنی چاہیے۔

## مشق



پڑھیے اور سمجھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| عمارتی لکڑی | : | ایسی لکڑی جو گھر بنانے کے کام آتی ہے۔ |
| کَشتی | : | ناؤ |
| ہاؤس بوٹ | : | ناؤ گھر، پانی پر تیرتا ہوا کَشتی جیسا گھر |


© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| بے شمار | اَن گنت، بہت زیادہ |
| خوش گوار | اچّھا لگنے والا |
| حفاظت کرنا | بچانا |



## اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. ہیرا روزانہ جنگل کس لیے جاتا تھا؟
2. ہیرا لکڑیاں کس لیے بیچتا تھا؟
3. سبق میں کن عمارتی لکڑیوں کے نام آئے ہیں؟
4. جڑی بوٹیاں کس کام آتی ہیں؟
5. جنگلوں کی حفاظت ہمیں کیوں کرنی چاہیے؟



## خالی جگہوں میں مناسب لفظ چُن کر لکھیے۔

1. ہیرا روزانہ اپنی_____لے کر جنگل جاتا تھا۔ (تلوار/کلہاڑی)
2. ہیرا جنگل سے _____ کاٹ کر لاتا اور بازار میں بیچ دیتا تھا۔ (لکڑیاں/پیڑ)
3. میں جو لکڑی کاٹتا ہوں وہ _____ لکڑی ہوتی ہے۔ (مہنگی/معمولی)

© NCERT not to be republished

4. دیودار کی لکڑی تو بہت ہی ——— ہوتی ہے۔ (مضبوط/کمزور)

5. جنگل ہمارے ——— کی دولت ہیں۔ (گھر/ملک)

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1. ایک | = | ☐☐☐ |
| 2. چیڑ | = | ☐☐☐ |
| 3. شیشم | = | ☐☐☐☐ |
| 4. دیودار | = | ☐☐☐☐☐☐ |
| 5. کَشتیاں | = | ☐☐☐☐☐☐ |

© NCERT not to be republished

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔






_______ _______ _______ _______



مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

| |
|---|
| مثال = لکڑی لکڑیاں لکڑیوں |

کَشتی = ________ ________

دوائی = ________ ________

روٹی = ________ ________

گھڑی = ________ ________



مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں کے آخر میں 'ی' ملا کر لفظ لکھیے۔

| |
|---|
| مثال = جنگل جنگلی |

1. مضبوط = ________
2. خراب = ________
3. خوب صورت = ________
4. عمارت = ________


© NCERT not to be republished



درخت کی تصویر میں رنگ بھریے اور نیچے لکھے ہوئے حصّوں کو دکھایئے۔

1. پتّی

2. پھول



2. پھل

4. شاخ

5. تنا

6. جڑ

© NCERT
not to be republished



سوچیے اور بتایئے۔

1. آپ کے گھر اور اسکول کے آس پاس کون کون سے درخت ہیں؟

2. آپ کے گھر میں لکڑی سے بنی ہوئی کون کون سی چیزیں ہیں؟

3. جنگل کی حفاظت ہمیں کس طرح کرنی چاہیے؟



خوش خط لکھیے۔

| | |
|---|---|
| لکڑہارا | ______ ______ ______ ______ ______ |
| معمولی | ______ ______ ______ ______ ______ |
| خوش گوار | ______ ______ ______ ______ ______ |
| مضبوط | ______ ______ ______ ______ ______ |
| حفاظت | ______ ______ ______ ______ ______ |

✸ اپنے اسکول میں ایک ایک پودا آپ بھی لگائیے اور اس کی دیکھ بھال کیجیے۔

© NCERT not to be republished